خودکشی کرنے والا پرندہ

وسیع افریقی سبزہ زاروں میں گشت کرنے والے زرافوں، زیبروں، چکوروں اور ہرنوں کے درمیان خالق کی ایک نہایت حیرت انگیز مخلوق سکونت کرتی ہے۔اسے دیکھنے والے لوگ اسکے دراز قد، قوی ٹانگوں اور خوبصورت ملائم پَروں سے متاثر ہوتے ہیں۔ یہ دُنیا کا سب سے بڑا پرندہ ہے۔آپ اسے اسکے عام نام، شترمرغ سے پہچانتے ہیں۔

شترمرغ کو دنیا کا سب سے بڑا پرندہ ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔اس کا قد عام طور پر 6 سے 8 فٹ لمبا ہوتا ہے۔اس کا وزن 100 کلو گرام سے لے کر 150 کلوگرام تک ہوتا ہے۔اسکی ٹانگیں اور گردن بہت زیادہ لمبی ہوتی ہیں۔اپنے وزنی جسم کی بدولت یہ اڑنہیں سکتا۔ لیکن اس کی فی گھنٹہ رفتار 70 کلومیٹر ہے۔اپنی تیز رفتاری کی وجہ سے وہ درندوں کا شکار ہونے سے بچ جاتا ہے۔

مادہ شترمرغ ایک وقت میں 10 سے 12 انڈے دیتی ہے۔اس کے ایک انڈے کا وزن تقریباً ڈیڑھ کلو ہوتا ہے۔جیسے شترمرغ دنیا کا سب سے بڑا پرندہ ہے ویسے ہی اس کا انڈہ بھی باقی تمام پرندوں کے انڈوں سے زیادہ وزنی اور بڑا ہوتا ہے۔

عرصہ دراز پہلے اُونٹوں سے مشابہت کی وجہ سے شترمرغ کو سٹروتھوکیمولس کا نام دیا گیا جو لاطینی اور یونانی زبان سے مل کر بنتا ہے۔اونٹ کی طرح، شترمرغ بھی انتہائی درجہ حرارت برداشت کرسکتا ہے اور ریگستانی علاقے میں پرورش پا سکتا ہے۔اسکی پلکیں گھنی ہوتی ہیں جو اس کی بڑی آنکھوں کو جھاڑی دار علاقے کی گرد سے محفوظ رکھتی ہیں۔اسکی ٹانگیں لمبی اور مضبوط ہوتی ہیں اور اسکے پاؤں کی صرف دو انگلیاں ہوتی ہیں مگر یہ بہت موٹے اور مضبوط ہوتے ہیں۔

کھر والے دیگر جانوروں کی طرح شترمرغ بھی رینگنے والی تقریباً ہر چیز کھاتا ہے۔یہ نباتاتی اور حیوانی دونوں قسم کی غذا کھاتا ہے۔حشرات، جڑیں اور زیادہ سبزی کھانے کے علاوہ لکڑی، گھونگے، پتھر، شاخیں اور تقریباً ہر چھوٹی، شوخ رنگ دار چیز نگل جاتا ہے۔

اپنے بڑے سائز اور وزن کی وجہ سے یہ اُڑنہیں سکتا۔تاہم، اس کی ٹانگوں کے طاقتور عضلات کی وجہ سے اس کا شمار زمین کی تیز رفتار مخلوقات میں ہوتا ہے۔یہ ریگستانی علاقے میں ۵۶ کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے بھاگ سکتا ہے۔

عام طور پر انسان ہی ایسی مخلوق ہے جو حالات سے تنگ آ کر اپنے رب سے مایوس ہو کر خودکشی کرتی ہے لیکن آپ یہ جان کر حیران رہ جائیں گے کہ پرندوں میں بھی ایک پرندہ ایسا ہے جو خودکشی کر لیتا ہے۔

ایک تحقیق کے مطابق شترمرغ ایسا پرندہ ہے جو آزاد ماحول نہ ملنے پر ڈپریشن میں چلا جاتا ہے اور پھر ڈپریشن کی حالت میں اپنی گردن کو کسی چیز کے ساتھ لپیٹ کر خودکشی کر لیتا ہے۔